سوال

(69) ٹیلی فون یا انٹرنیٹ وغیرہ پر نکاح کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ٹیلی فون یا انٹرنٹ پر نکاح درست ہے کیا؟ ازراہ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جدید وسائل وذرائع کے ذریعے عقد نکاح جائز ہے جبکہ نکاح کے ارکان اور شروط مکمل ہورہے ہوں۔ یعنی ایجاب وقبول، ولی کی اجازت، شہادتین اور حق مہر۔ اگر توان میں کوئی ایک شے مفقود جیسا کہ ٹیلی فون کے ذریعے نکاح میں شہادت ممکن نہ ہو تو اس صورت میں نکاح جائز نہیں ہے۔ اور اگر شہادت ممکن ہو جیسا کہ سکائپ وغیرہ میں ویڈیو کانفرنس کے ساتھ نکاح کا انعقاد اور غرر کا اندیشہ بھی نہ ہو تو انٹرنیٹ کے ذریعہ نکاح جائز ہے۔

وباللہ التوفیق

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02